① : زبدۃ الاتقان ...... نے لکھی ہے۔
① امام جلال الدین سیوطی (2) علامہ تفتازانی ③ سید محمد بن علوی بن عباس
② تفسیر پڑھنے سے پہلے تفسیر کی اصطلاحات کو جاننا ضروری ہے تا کہ انسان ..... حاصل کر سکے
① بصارت نامہ (2) رہنمائی (3) هدایت۔
③ علمِ تفسیر مأخوذ ہے مفسرین کے .... سے۔
① فسّرت الشئ ء اذا بیّنتہٗ (2) بیّنت الشئ ء اذا فسّرتہٗ ③ شرحت الشئ ء اذا شرحتہ
④ - علمِ تفسیر کو تفسیر کہا جاتا ہے کیوں کہ یہ قرآن مجید کی .... اور .... کرتی ہے؟
① واضح اور بیان (2) تفسیر اور وضاحت ③ نحوی اور صرفی تحقیق۔
⑤ علمِ تفسیر میں ...... کے احوال پر متعلق بحث کی جاتی ہے۔
① مسلم شریف (2) بخاری شریف ③ قرآن مجید۔
⑥ علمِ تفسیر کا موضوع ..... ہے۔
① تورات ② انجیل ③ قرآن مجید۔
⑦ علمِ تفسیر کا واضع .... اور .... ہے۔
① اللہ اور رسول علیہ السلام ② صحابہ اور انبیاء ③ صحابہ اور اہل بیت
⑧ علمِ تفسیر کا مابہ الاستمداد ..... ہے۔
① قرآن + حدیث + اسالیب عرب ② حدیث ③ عربی شاعری
⑨ - علم تفسیر ... میں سے ہے۔
① علوم دینیہ میں سے ② علوم عقلیہ میں سے ③ علوم طبیعہ میں سے
⑩ علمِ تفسیر تمام علوم کا .... ہے۔
① سردار ② خادم ③ ماں۔
⑪ - علمِ تفسیر تمام علوم میں .... اور ...... ہے۔
① أشرف اور أجل ② اکثر اور أتم ③ أجمع اور أفصح
⑫ قرآن مجید سے رہنمائی لی جاسکتی ہے .... کے ذریعے۔
① صحابہ کے ذریعے ② تابعین کے ذریعے ③ اللہ خبیر ولطیف کی توفیق سے
⑬ قرآن کس لفظ سے مأخوذ ہے۔
① قرء سے ② جمع سے ③ فتح۔
⑭ قرآن مجید اپنی .... سورت کے ساتھ عاجز کرنے والا ہے۔
① دو کے ساتھ ③ تین کے ساتھ ② ایک کے ساتھ۔
⑮ - قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت ہے
① سورہ فاتحہ ② سورہ اخلاص ③ سورہ کوثر۔

Scanned with CamScanner

(16) قرآن مجید میں کوئی سورت ۔۔۔۔ نہیں ہے۔
(الف) مفردہ (ب) جمع (ج) معجزہ
(17) ۔ سورت کی کم سے کم ۔۔۔۔ آیات ہیں۔
(الف) سات (ب) آٹھ (ج) تین۔
(18) مکی اور مدنی سورتوں کی معرفت میں اصطلاحات ۔۔۔۔ ہیں
(الف) دو (ب) پانچ (ج) تین۔
(19) جس سورت میں اہل مدینہ کو خطاب ہو وہ ۔۔۔ ہے۔
(الف) مکی (ب) شامی (ج) مدنی۔
(20) ۔ جو آیت سفر میں نازل ہو وہ ۔۔۔۔ ہے
(الف) سفری (ب) حضری (ج) صیفی۔
(21) جو آیت حضر میں نازل ہوئی وہ ۔۔۔۔ ہے
(الف) صیفی (ب) شتائی (ج) حضری۔
(22) جس سورت میں کلا ہو وہ ۔۔۔ ہوتی ہے۔
(الف) مدنی (ب) مکی (ج) شتائی۔
(23) مدینہ میں ۔۔۔۔ اور مکہ میں ۔۔۔۔ سورتیں نازل ہوئی۔
(الف) 29، 85۔ (ب) 28، 86۔ (ج) 38، 76۔
(24) صحیح قول کے مطابق سب سے پہلی سورت ۔۔۔۔ ہے۔
(الف) اقراء باسم ربک۔ (ب) الحمدللہ۔ (ج) البقر۔
(25) رسول اللہ کو سب سے پہلے ۔۔۔۔ آتے تھے۔
(الف) اچھے خواب (ب) وحی (ج) اچھے + برے خواب۔
(26) غارِ حراء میں حضور علیہ السلام کے پاس وحی لے کر ۔۔۔۔ آتے تھے۔
(الف) حضرت جبرائیل (ب) حضرت عزرائیل (ج) اسرافیل۔
(27) ڈرانے کیلئے سب سے پہلے سورہ ۔۔۔۔ اور رسالت کیلئے سب سے پہلے ۔۔۔۔ نازل ہوئی۔
(الف) مدثر + اقراء (ب) الحمد + قل ھو اللہ (ج) الحمد + مدثر۔
(28) سب سے پہلے جو مکمل سورت نازل ہو وہ سورۃ ۔۔۔۔ ہے۔
(الف) سورہ مدثر (ب) الحمد (ج) آل عمران۔
(29) مکہ میں سب سے آخر میں سورۃ ۔۔۔ نازل ہوئی۔
(الف) سورۃ مومنون (ب) سورہ فاتحہ (ج) سورہ کوثر۔
(30) مدینہ میں سب سے پہلے سورۃ ۔۔۔۔ نازل ہوئی۔
(الف) سورہ بقرہ یا مطففین (ب) کوثر (ج) یٰسین۔

(31) سجدہ کا ذکر سب سے پہلا سورہ ۔۔۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) النجم (ب) رحمٰن (ج) مومنون۔

(32) آخری سورت کے بارے میں منقول اقوال حضور علیہ السلام تک ۔۔۔۔۔ پہنچے۔

(الف) نہیں (ب) کبھی پہنچے ہیں (ج) دونوں نہیں۔

(33) نزولِ قرآن مجید کی کتنی قسمیں ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار۔

(34) پہلی قسم وہ ہے جو ۔۔۔۔۔ نازل ہوئی اور دوسری وہ جو ۔۔۔۔۔ کے بعد نازل ہوئی۔

(الف) ابتداء + سوال یا واقعہ (ب) ابتداء + آخر (ج) سوال کے بعد + واقعہ کے بعد۔

(35) دوسری قسم میں سب سے مشہور کتاب کون سی ہے کس کی ہے۔

(الف) لباب النقول فی اسباب النزول للسیوطی (ب) النشر للجزری (ج) قصیدہ شاطبی للجزری

(36) اسبابِ نزول قرآنی معانی سمجھنے کا ۔۔۔۔۔ طریقہ ہے۔

(الف) قوی (ب) کمزور (ج) بہترین۔

(37) حضرت عثمان بن مظعون اور عمرو بن معدیکرب شراب کی حرمت کا ۔۔۔۔ کرتے تھے

(الف) انکار (ب) اقرار (ج) کبھی مانتے کبھی نہیں۔

(38) "فأینما تولوا فثم وجہ اللہ" ۔۔۔ کے بارے میں نازل ہوئی۔

(الف) سفری نفل + تحری کرنے والا (ب) تحری کرنے والے کے (ج) سفری نفل۔

(39) آیت ظہار ۔۔۔۔ کے بارے میں نازل ہوئی۔

(الف) ھلال بن امیہ (ب) سلمۃ بن صخر (ج) اُبی بن کعب

(40) آیتِ لعان ۔۔۔۔ کے بارے میں نازل ہوئی۔

(الف) ھلال بن امیہ (ب) سلمہ بن صخر (ج) اُبی بن کعب۔

(41) آیتِ حدِ قذف کس کے بارے میں نازل ہوئی؟

(الف) اماں عائشہ رضی اللہ عنہا (ب) سلمہ بن صخر (ج) اُبی بن کعب۔

(42) عمومِ لفظ کا اعتبار ہوگا یا خصوصِ سبب کا۔

(الف) عمومِ لفظ کا (ب) خصوصِ سبب (ج) عموم لفظ + خصوص سبب۔

(43) عمومِ لفظ پر دلیل ۔۔۔۔ کے واقعات ہیں۔

(الف) صحابہ کے واقعات (ب) تابعین کے واقعات (ج) دونوں

(44) اگر کسی آیت میں عموم لفظ نہ ہو تو وہ ۔۔۔۔ کا فائدہ نہیں دے گا؟

(الف) عموم حکم (ب) خصوصی لفظ (ج) دونوں کا۔

(45) "وسیجنبها الأتقى الذي يؤتي ماله يتزكى" میں عموم ہے یا نہیں۔

(الف) ہے عموم (ب) عموم نہیں ہے (ج) عموم و خصوص دونوں

Scanned with CamScanner

(46) وسیجنبها الأتقى میں الف لام ۔۔۔۔ کا ہے

(الف) عہدی (ب) جنس (ج) استغراقی ۔

(47) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اسباب نزول کی معرفت میں مرجع ۔۔۔ اور ۔۔۔ ہیں

(الف) اول اور آخر (ب) ظاہر باطن (ج) اول اور باطن ۔

(48) امام بخاری صحابی کے قول نزلت هذه الآية في كذا کو ۔۔۔ داخل فرماتے ہیں

(الف) مسند میں (ب) مدرج میں (ج) منقطع ۔

(49) ایک راوی نے ایک سبب نزول بیان کیا دوسرے نے کوئی اور تو جس کی سند ۔۔۔ ہو وہ قبول ہوگا ۔

(الف) صحیح (ب) ضعیف (ج) غریب

(50) "ما أنزل من القرآن على لسان بعض الصحابة" کے باب میں اصل ۔۔۔ ہے

(الف) موافقات عثمان (ب) موافقات أبو بکر (ج) موافقات عمر

(51) حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ میرے رب نے ۔۔۔ چیزوں میں میری موافقت فرمائی ہے ۔

(الف) دس (ب) بارہ (ج) تین ۔

(52) وعظ ونصیحت، وجود مقتضی اظہار فضیلت یہ ۔۔۔ ہے تکرار نزول کی ۔

(الف) حکمتیں (ب) فوائد (ج) نقصان ہیں ۔

(53) حضور علیہ السلام نے فرمایا ۔۔۔ چار بندوں سے پڑھو۔

(الف) حدیث (ب) فقہ (ج) قرآن

(54) غزوہ بئر معونہ میں ۔۔۔ صحابہ کرام شہید ہوئے ۔

(الف) 80 (ب) 90 (ج) 70

(55) امام سیوطی علیہ الرحمہ نے موافقات عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں رسالہ لکھا ہے جس کا نام ۔۔۔ ہے ۔

① حذف القمر في موافقات عمر ② قطف الثمر في موافقات عمر ③ ضرب القمر في موافقات

(56) صحابہ کرام علیہم الرضوان مختلف ۔۔۔ میں سکونت پذیر تھے ۔

(الف) شہروں میں (ب) پہاڑوں میں (ج) وادیوں ۔

(57) حفظِ قرآن کے معاملے میں حضرت انس نے ۔۔۔ صحابہ کو ذکر کیا ۔

(الف) دس (ب) تین (ج) چار

(58) حضرت انس رضی اللہ عنہ کے قول سے ملحد دلیل پکڑتے ہیں کہ ۔۔۔ تواتر سے ثابت ہی نہیں ہے کیوں کہ جم غفیر میں سے سب کو تو یاد ہی نہیں تھا ۔

(الف) قرآن مجید (ب) بخاری شریف (ج) مسلم شریف ۔

Scanned with CamScanner

(59) ابن حجر علیہ الرحمہ نے قاضی ابوبکر کے آٹھ جوابات کو ۔۔۔۔۔ سے تعبیر کیا ہے۔ کہ ان میں سے اکثر میں ۔۔۔۔ ہے۔

(الف) مبالغہ (ب) تکلف (ج) محاسبہ۔

(60) - امام ابن حجر علیہ الرحمہ کے مطابق حضرت انس نے یہ حدیث ۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔ کے درمیان تفاخر کے طور پر بیان کی تھی۔

(الف) بنو تمیم اور بنو کنانہ (ب) بنو تمیم اور خزرج (ج) اوس اور خزرج

(61) عرش ہلا تھا حضرت سیدنا ۔۔۔۔ کیلئے۔

(الف) حنظلہ رضی اللہ عنہ (ب) طلحہ رضی اللہ عنہ (ج) سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ۔

(62) - حضرت سیدنا ۔۔۔۔۔۔ کی گواہی دو گواہوں کے برابر ہوئی۔

(الف) ثابت بن قیس (ب) حاتم کے بیٹے عدی کی (ج) خزیمہ بن ثابت۔

(63) شہد کی مکھیوں نے ۔۔۔۔ کو ڈھانپ لیا تھا۔

(الف) حضرت عاصم بن ثابت (ب) حضرت مصعب بن عمیر (ج) حضرت خبیب۔

(64) صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کے ۔۔۔ میں مسجد بنائی ہوئی تھی

(الف) صحن (ب) کمرہ (ج) حجرہ۔

(65) صدیق اکبر حفظِ قرآن مجید پر ۔۔۔۔۔ تھے۔

(الف) حریص (ب) غیر حریص (ج) سکوت کرتے

(66) سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام ۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔ کے وقت ہمارے گھر میں تشریف لاتے تھے۔

(الف) صبح اور دوپہر (ب) دوپہر اور شام (ج) صبح اور شام

(67) فرمانِ مصطفیٰ علیہ السلام ہے کہ قوم کی امامت وہ کرے جو ان میں ۔۔۔۔۔۔ ہو۔

(الف) کتاب اللہ سب سے زیادہ پڑھنے والا (ب) عالم (ج) زاہد ہو سب سے زیادہ

(68) - حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی کنیت ۔۔۔۔۔ تھی۔

(الف) ابو ہریرہ (ب) ابو الدرداء (ج) ابو حلیمہ

(69) صحابہ کرام میں قرآن مجید کے مشہور قاری ۔۔۔۔۔ تھے۔

(الف) آٹھ (ب) نو (ج) سات۔

(70) حضرت ابن مسیب ۔۔۔۔۔۔ میں مشہور قاری تھے۔

(الف) مدینہ (ب) مکہ (ج) بصرہ۔

(71) حضرت عکرمہ شہر ۔۔۔۔۔ میں مشہور قاری تھے۔

(الف) مدینہ (ب) شام (ج) مکہ۔

(72) حضرت عمرو بن شرحبیل شہر ۔۔۔۔۔ کے مشہور قاری تھے۔

(الف) بصرہ (ب) شام (ج) کوفہ

Scanned with CamScanner

(73) حضرت نصر بن حارث شیبی ۔۔۔۔۔ کے مشہور قاری تھے۔
(الف) شام (ب) کوفہ (ج) بصرہ۔
(74) تمام قراء میں سے آفاق میں ۔۔۔۔۔ قاری مشہور ہوئے۔
(الف) آٹھ (ب) سات (ج) اٹھارہ
(75) سب سے پہلے قراءت کے بارے میں ۔۔۔۔۔ نے کتاب لکھی۔
(الف) ابو عبید قاسم بن سلام (ب) ابو عبیدہ قاسم بن سلام (ج) ابو جعفر بن سلام
(76) ائمۂ قراءت کی تعداد ۔۔۔۔۔ ہے۔
(الف) ۱۰ دس (ب) بیس ۲۰ (ج) بے شمار۔
(77) قراءت کی قسموں کے بارے میں سب سے بہتر کلام ۔۔۔۔ نے کیا ہے۔
(الف) علامہ قزوینی (ب) ابوالخیر بن جزری (ج) سید بن علوی بن عباس
(78) ابوالخیر جزری نے قراءت صحیحہ کیلئے ۔۔۔۔۔ شرائط مقرر کی ہیں۔
(الف) دس (ب) بارہ (ج) تین۔
(79) قراءت صحیحہ کا انکار کرنا ۔۔۔۔۔ ہے۔
(الف) حلال نہیں (ب) حلال ہے (ج) واجب ہے
(80) جب تین شرائط میں سے کوئی شرط کم ہو تو اس روایت کو
۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔ یا ۔۔۔۔۔ کا نام دیتے ہیں۔
(الف) ضعیفہ، شاذہ، باطلہ (ب) مدرجہ، مضطربہ، ضعیفہ (ج) صحیحہ۔
(81) ہر وہ قراءت کہ جو مصحف عثمانی کے موافق ہو اگرچہ ۔۔۔۔ ہو۔
(الف) احتمالاً (ب) اجمالاً (ج) اجتماعاً
(82) ولو بوجہ سے مراد ۔۔۔۔۔ کی وجہ ہے۔
(الف) صرف (ب) نحو (ج) منطق
(83) موافقۃ المصحف الواحد سے مراد ۔۔۔۔۔ میں ثابت ہو۔
(الف) بعض مصاحف میں (ب) سارے مصاحف میں (ب) ایک مصحف میں
(84) صحیح سندھا سے مراد یہ ہے کہ اس قراءت کو ۔۔۔۔۔ نے ۔۔۔۔۔
سے لیا ہو۔
(الف) عادل ضابط نے اپنی مثل سے (ب) غیر عادل ضابط نے اپنی مثل سے (ج) عادل نے غیر عادل سے۔
(85) وہ قراءت کہ جس کو ایسی جماعت نے روایت کیا ہو کہ جس کا جھوٹ
پر جمع ہونا محال ہو وہ قراءت ۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے۔
(الف) شاذہ (ب) ضعیفہ (ج) متواتر۔
(86) جس قراءت کی سند صحیح ہو لیکن متواتر کے درجے کو نہ پہنچے وہ ۔۔۔۔ ہے
(الف) قراءت متواتر (ب) مشہور (ج) شاذ قراءت

Scanned with CamScanner

(87) فرش حروف کے بارے میں سب سے مشہور کتاب کس نے لکھی ہے؟

(الف) ابوالخیر جزری نے (ب) علامہ سیوطی نے (ج) علامہ دانی نے۔

(88) علامہ دانی علیہ الرحمہ کی کتاب کا نام ۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) التیسیر (ب) الاتقان (ج) النشر۔

(89) وہ قراءت جس کی سند صحیح ہو اور رسم عثمانی یا قواعد عربیہ کے مخالف ہو یا اس طرح مشہور نہ ہوا جیسا کہ ذکر ہوا وہ مقروء نہ ہو تو یہ ۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے

(الف) قراءت متواترہ (ب) قراءت ضعیفہ (ج) قراءت آحاد۔

(90) جس قراءت کی سند صحیح نہ ہو وہ ۔۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(الف) شاذ (ب) آحاد (ج) مشہور

(91) قراءت امام خزاعی کس قراءت کی مثال ہے۔

(الف) قراءت ضعیفہ (ب) قراءت موضوع (ج) قراءت مشہور

(92) وہ قراءت جس میں قراءت کے طور پر اضافہ کیا گیا ہو۔ وہ ۔۔۔۔ کہلاتی ہے

(الف) قراءت شاذ (ب) قراءت مشہور (ج) قراءت مدرج

(93) حضرت سیدنا ۔۔۔۔۔ سورۃ فاتحہ اور معوذتین کے قرآن ہونے کا انکار کرتے

(الف) عبداللہ بن عباس (ب) عبداللہ ابن جعفر (ج) عبداللہ ابن مسعود

(94) اگر نقل متواتر صحابہ کرام کے زمانے میں حاصل ہو گیا ہوتا تو سورۃ فاتحہ اور معوذتین قرآن پاک کا حصہ ہوتیں تو ان دونوں کا انکار ـــــــ ہوتا۔

(الف) کفر (ب) اسلام (ج) کفر نہیں ہوتا۔

(95) اگر نقل متواتر صحابہ کرام کے زمانے میں حاصل نہیں ہوا تو اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قرآن مجید ـــــــ نہیں ہے۔

(الف) متواتر (ب) مشہور (ج) آحاد

(96) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ـــــــ کا انکار کرتے تھے نہ کہ ـــــــ کا۔

(الف) لکھنے کا نہ کہ قرآن ہونے کا (ب) لکھنے اور قرآن ہونے دونوں کا (ج) صرف قرآن ہونے کا

(97) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اس سورت کو لکھتے تھے جس کے ـــــــ کا حضور علیہ السلام حکم دیتے۔

(الف) لکھنے (ب) حفظ (ج) چھوڑنے۔

(98) ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف فاتحہ اور معوذتین کے قرآن نہ ہونے کی نسبت کرنا باطل ہے صحیح نہیں ہے یہ ـــــــ کا قول ہے۔

(الف) شیخ محقق کا (ب) ابن حجر (ج) امام نووی کا۔

(99) ـــــــ نے فرمایا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے انکار کی روایت صحیح ہے۔

(الف) امام خطیب تبریزی (ب) امام ابن حجر (ج) امام نووی

(100) حضرت ابن رضی اللہ نے حضور علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ فاتحہ اور معوذتین کے ذریعے ــــــــ کو دم فرماتے تھے۔

(الف) سیدہ زاہراء پاک کو (ب) مولا علی کرم اللہ وجھہ (ج) حسنین کریمین کو۔

(101) کیا قراءت ، سبعہ ہی وہ قراءتیں ہیں کہ جن کا حدیث پاک میں ذکر ہے ــــــــ ہے۔

(الف) غلط عظیم (ب) درست ہے (ج) کہنا حرام ہے۔

(102) امام نافع اور امام عاصم کی قراءت ــــــــ کے اعتبار سے اصح قراءت ہے

(الف) سند (ب) متن (ج) بلاغت۔

(103) سب سے اصح قراءت ــــــــ اور ــــــــ کی ہے۔

(الف) امام نافع اور کسائی (ب) ابو عمرو اور دوری (ج) کسائی اور ابو عمرو۔

(104) جو قراءت رسم عثمانی کے مخالف نہ ہو اور اسکی قراءت مشہور نہ ہو اور غریب روایت کے طور پر وارد ہوئی تو اس پر اعتبار ــــــــ گا۔

(الف) نہیں کیا جائے (ب) اعتبار کیا جائے (ج) دونوں غلط

(105) جو قراءت قراءت کے ماہرین کے ہاں مشہور رہو تو اس سے منع ــــــــ

(الف) نہیں کیا جائے گا (ب) کیا جائے گا (ج) دونوں درست۔

(106) قراءت کے اختلاف سے ــــــــ بدل جاتے ہیں۔

(الف) احکام (ب) قواعد (ج) احکام نہیں بدل جاتے۔

(107) اگر ایلمون کو بغیر تشدید کے پڑھیں تو غسل سے پہلے وطی کا ــــــــ ہوگی اور اگر تشدید پڑھیں تو قبل غسل وطی ــــــــ ہوگی۔

(الف) جائز ہوگی، جائز نہیں ہوگی (ب) دونوں صورتوں میں جائز (ج) دونوں صورتوں میں جائز

(108) قرآن مجید کو سیکھنے کے کتنے طریقے ہیں

(الف) چار (ب) بارہ (ج) دو۔

(109) شیخ کے سامنے پڑھ کر قرآن مجید سیکھنا سلفاً اور خلفاً ــــــــ تھا۔

(الف) رائج تھا (ب) رائج نہیں تھا (ج) حرام

(110) قرآن مجید میں مقصود ــــــــ ہوتی ہے۔

(الف) ادائیگی حروف (ب) الفاظ (ج) معنی۔

(111) ایک وقت میں دو کا شیخ سے سامنے پڑھنا ــــــــ ہے۔

(الف) حرام (ب) مکروہ (ج) درست۔

(112) قرآن مجید کو دیکھ کر حفظ ــــــــ ہیں۔

(الف) کر سکتے (ب) نہیں کر سکتے (ج) اختیار ہے۔

جوابات

(1) ج (2) الف (3) الف (4) الف (5) ج (6) ج (7) الف

(8) الف (9) الف (10) الف (11) الف (12) ج (13) الف (14) ج

(15) ج (16) الف (17) ج (18) ج (19) ج (20) الف (21) ج

(21) ب (22) الف (23) الف (24) الف (25) الف (26) الف (27) الف

(28) الف (29) الف (30) الف (31) الف (32) الف (33) الف (34) الف

(35) الف (36) الف (37) الف (38) الف (39) ب (40) الف (41) الف

(42) الف (43) الف (44) الف (45) ب (46) الف (47) الف (48) الف

(49) الف (50) ج (51) ج (52) الف (53) ج (54) ج (55) ب

(56) الف (57) ج (58) الف (59) ب (60) ج (61) ج (62) ج

(63) الف (64) الف (65) الف (66) ج (67) الف (68) ج (69) ج

(70) الف (71) ج (72) ج (73) ج (74) ب (75) الف (76) ج

(77) ب (78) ج (79) الف (80) الف (81) الف (82) ب

(83) الف (84) الف (85) ج (86) ب (87) ج (88) الف

(89) ج (90) الف (91) ب (92) ج (93) ج (94)

(95) الف (96) الف (97) الف (98) ج (99) ب (100) ج

(101) الف (102) الف (103) ج (104) الف (105) الف (106) الف

(107) الف (108) ج (109) الف (110) الف (111) ج (112) الف